# 10-07-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے کہا ہے کہ ان کی حکومت ریتو بھروسہ اسکیم کے تعلق سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے کیلئے پرعزم ہے۔

☆ مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا نے کہا ہے کہ ان کی حکومت ڈینگی کی روک تھام کیلئے اسکیمات تیار کر رہی ہے، انہوں نے اس سلسلہ میں عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔

☆ سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ کوئی بھی مسلم خاتون ضابطہ فوجداری کی دفعہ 125 کے تحت اپنے شوہر سے گزارا بھتہ حاصل کرنے کی حق دار ہے۔

اور

☆ ریاستی حکومت نے آئی پی ایس آفیسر جتیندر کو تلنگانہ کے ڈی جی پی کی حیثیت سے مقرر کیا ہے۔ انہوں نے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔

☆☆☆☆☆

کوئلہ کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ریاست میں فلاحی پروگراموں کو نافذ کرنے میں پیچھے رہنے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ حلقہ پارلیمنٹ سکندرآباد کے تحت عنبر پیٹ علاقہ کا آج دورہ کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ ریاست کے عوام کئی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ حلقہ پارلیمنٹ سکندرآباد میں بھی کئی مسائل موجود ہیں۔ انہوں نے عظیم تر بلدیہ حیدرآباد (جی ایچ ایم سی) پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے کئی علاقوں میں اسٹریٹ لائٹس نصب کرنے کیلئے فنڈس نہیں ہے۔ کشن ریڈی کے مطابق دس سال تک اقتدار میں رہنے کے باوجود بی آر ایس نے راشن کارڈ جاری نہیں کئے جبکہ کانگریس حکومت بھی اقتدار میں آنے کے سو دن بعد نئے راشن کارڈ جاری کرنے میں ناکام رہی ہے۔ ریڈی نے مزید کہا کہ بی جے پی حکومت کی جانب سے پانچ کیلو مفت چاول فراہم کیا جا رہا ہے تاہم راشن کارڈس کی عدم اجرائی کے باعث ان چاول کو مستحق افراد میں تقسیم نہیں کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کانگریس حکومت سے سوال کیا کہ دس کیلو گرام سونا، کلیانا لکشمی اور کالج جانے والی طالبات کو الیکٹرک اسکوٹی دینے سے متعلق وعدوں کا کیا ہوا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آئندہ پانچ دن کے دوران مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ آئندہ سات دن کے دوران ریاست کے چند ایک یا بیشتر مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بونداباندی کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے ضلع کتہ گوڑم میں کئی مقامات پر شدید بارش ہوئی۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ کوئی بھی مسلم خاتون ضابطہ فوجداری کی دفعہ 125 کے تحت اپنے شوہر سے گزارا بھتہ حاصل کرنے کی حق دار ہے۔ جسٹس B.V.Nagarathna اور جسٹس Augustine George Masih پر مشتمل ایک بنچ نے اِس معاملے میں اُس عرضی کو خارج کر دیا، جس میں ایک شخص نے دفعہ 125 ضابطہ فوجداری کے تحت اپنی طلاق شدہ بیوی کو عبوری گزارا بھتہ دیئے جانے کی ہدایت کے خلاف عرضی داخل کی تھی۔ بنچ نے یہ بھی کہا کہ اگر درخواست کے التوا کے دوران کسی خاتون کو طلاق دی جاتی ہے تو وہ شادی سے متعلق حقوق کے تحفظ کے ایکٹ 2019 کا سہارا لے سکتی ہے۔ بنچ نے یہ بھی کہا کہ 2019 کے ایکٹ کے تحت، جو سہولت فراہم کی گئی ہے، وہ دفعہ 125 ضابطہ فوجداری کے تحت دی گئی چارہ جوئی کی سہولت کے علاوہ ہے۔

☆☆☆☆☆

سنٹرل بورڈ آف سکینڈری ایجوکیشن (CBSE) نے وضاحت کی ہے کہ نصابی کتابوں میں تبدیلیاں صرف تیسری اور چھٹی جماعت کیلئے کی گئی ہیں اور دیگر کلاسیس کی کتابوں میں کسی طرح کی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ اسکولوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ تیسری اور چھٹی جماعت کو چھوڑ کر باقی کلاسوں کیلئے موجودہ نصابی کتابیں ہی استعمال کی جائیں۔

گزشتہ مالی سال 24-2023 کے دوران کھادی اور ولیج انڈسٹریز کمیشن کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ پچاس ہزار کروڑ روپئے سے تجاوز کرگئی ہے۔ کے وی آئی سی نے اس کے علاوہ اس مالی سال کے دوران دس لاکھ سے زائد روزگار کے نئے مواقع بھی فراہم کئے۔ کے وی آئی سی کے چیئر مین منوج کمار نے بتایا کہ کمیشن نے گزشتہ دس سال کے دوران اپنی پیداوار میں 315 فیصد کا اضافہ کیا جبکہ فروخت کے معاملہ میں یہ تناسب چار سو فیصد سے زائد رہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئی ملازمتیں زیادہ تر دیہی علاقوں میں فراہم کی گئیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ دیہی سطح کے فنکاروں کی جانب سے تیار کردہ اشیاء کی مانگ میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔ ان کے مطابق وزیراعظم کی برانڈ شکتی سے کھادی کی اشیاء میں عوام کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے کہا ہے کہ حکومت رعیّتو بھروسہ اسکیم کے تحت کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے کیلئے تیار ہے۔ وہ آج کلکٹریٹ کھمم میں رعیّتو بھروسہ اسکیم کے تحت منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کانگریس پارٹی کسانوں کو مالی مدد فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے جیسا کہ اسمبلی انتخابات کے دوران وعدہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کسانوں کو یقین دلایا کہ ریاستی حکومت اپنے پورے وعدوں کو پورا کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکزی حکومت سے مکمل بجٹ نہ ملنے کی وجہ سے ریاستی حکومت نے عبوری بجٹ متعارف کروایا۔ اس پروگرام میں وزراء سرینواس ریڈی اور ناگیشور راؤ نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج قومی شاہراہوں کے پراجکٹ کا جائزہ لیا۔ یہ پراجکٹس ریاست بھر میں جاری ہیں۔ سی ایم نے حیدرآباد میں واقع سکریٹریٹ میں وزراء اور عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس میں شرکت کی اور منچر یال، ورنگل، کھمم اور وجئے واڑہ کاریڈور کے لئے اراضی کا حصول کے علاوہ ریجنل رنگ روڈ کے تعمیری کاموں کا جائزہ لیا۔ اس سلسلہ میں انہوں نے متعلقہ ضلع کلکٹرس سے بھی تفصیلات حاصل کیں۔ سی ایم نے کلکٹر سے کہا کہ اس ماہ کے آخر تک مکمل تفصیلات پر مشتمل رپورٹ اور دیگر تجاویز سینئر عہدیداروں کو پیش کی جائیں۔ اس دوران تلنگانہ کے دوسرے بڑے کاریڈور اپل جنکشن تا میدی پلی کا موضوع بھی زیر بحث آیا۔ اس اجلاس میں عمارات وشوارع کے وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی، چیف سکریٹری شانتی کماری اور دیگر سینئر عہدیداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا نے آج اپنی وزارت کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی تاکہ ملک بھر میں ڈینگو کے واقعات کو روکنے کیلئے کئے جارہے اقدامات کا جائزہ لیا جائے۔ نئی دہلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نڈا نے کہا کہ ڈینگی کے واقعات کو روکنے کیلئے ان کی وزارت کی جانب سے مختلف اسکیمات تیار کی جارہی ہیں اور اس سلسلے میں ریاستوں کے ساتھ بھی کام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی وزارت کی جانب سے جلد ہی اس سلسلہ میں ایک ہیلپ لائن شروع کی جائے گی۔ انہوں نے ریاستوں سے کہا کہ آنے والے دنوں میں اپنی ریاستوں میں بھی اس طرح کی ہیلپ لائن شروع کریں۔

☆☆☆☆☆

ایک اہم پیشرفت میں ریاستی حکومت نے سینئر آئی پی ایس آفیسر جتیندر کو تلنگانہ کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کے طور پر مقرر کیا ہے۔ یہ فیصلہ اس وقت کیا گیا جب ڈی جی پی کے عہدہ پر موجود روی گپتا کو محکمہ داخلہ کے اسپیشل پرنسپل سکریٹری کی حیثیت سے مقرر کیا گیا ہے۔ جالندھر، پنجاب کی ایک کسان فیملی سے تعلق رکھنے والے جتیندر کا تعلق 1992 کے آئی پی ایس آفیسر کے بیاچ سے ہے۔ اپنے کیریئر کے دوران ان کا عمدہ ریکارڈ رہا ہے۔ اے ایس پی بیلم پلی، ایڈیشنل ایس پی اور مختلف اضلاع جیسے محبوب نگر اور گنٹور کے ایس پی کی حیثیت سے بھی انہوں نے خدمات انجام دیں۔ اس کے علاوہ جتیندر نے دلی سی بی آئی اور گرے ہاؤنڈس کے لئے بھی خدمات انجام دیں۔ وہ ستمبر 2025 میں ریٹائرڈ ہوں گے۔ اسی دوران جتیندر نے آج شام دفتر ڈی جی میں عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے خاتون سیلف ہیلپ گروپوں پر مشتمل پچیس ہزار دیہی تنظیموں کو قائم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔اس سلسلہ میں ہر تنظیم کو ایک کروڑ روپئے کی مالی امداد فراہم کی جائے گی۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے اضلاع کے کلکٹرس کو ہدایت دی ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی ہدایات کے مطابق اس منصوبہ کو ٹھوس طریقہ سے نافذ کیا جائے۔اس منصوبہ کا مقصد یہ ہے کہ آئندہ پانچ سال کے دوران خاتون سیلف ہیلپ گروپس دولت مند بن جائیں۔شانتی کماری نے مزید کہا کہ تمام خواتین کو سیلف ہیلپ گروپوں میں شامل کرنے کیلئے ایک پالیسی جاری کی جائے گی۔ چیف سکریٹری نے کل منعقدہ ایک جائزہ اجلاس میں کلکٹرس سے کہا کہ تمام اضلاع میں اندرا کینٹن قائم کرنے کیلئے اقدامات شروع کیے جائیں۔

☆☆☆☆☆